لا الٰہ الا اللہ


اسلامی تاریخ میں
توحید کی ترویج واشاعت کیلئے
علمائے سلف کی خدمات حسنہ کا تفصیلی تذکرہ



# عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات

تصنیف

شیخ العرب والعجم السید بدیع الدین شاہ راشدی رحمہ اللہ



www.KitaboSunnat.com

اسلامی تاریخ میں
توحید کی ترویج واشاعت کیلئے
علمائے سلف کی خدماتِ حسنہ کا تفصیلی تذکرہ

# عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات

تصنیف
شیخ العرب والعجم السید بدیع الدین شاہ راشدی رحمہ اللہ

مکتبۃ الدعوۃ السلفیۃ
میمن کالونی مٹیاری ضلع حیدرآباد سندھ

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| سخنائے گفتنی از ناشر | 7 |
| تقدیم پروفیسر عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ | 10 |
| سخنے چند از پروفیسر عبدالجبار شاکر حفظہ اللہ | 15 |
| تقریظ حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ | 17 |
| پیش لفظ عبدالعزیز نُھڑیو حفظہ اللہ | 24 |
| توحید کی اہمیت و عظمت | 32 |
| پہلی صدی ہجری | 39 |
| دوسری صدی ہجری | 40 |
| تیسری صدی ہجری | 44 |
| چوتھی صدی ہجری | 49 |
| پانچویں صدی ہجری | 52 |
| چھٹی صدی ہجری | 55 |
| ساتویں صدی ہجری | 56 |
| آٹھویں صدی ہجری | 57 |
| نویں صدی ہجری | 63 |
| دسویں صدی ہجری | 64 |
| گیارہویں صدی ہجری | 65 |




محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com


| | |
|---|---|
| بارھویں صدی ہجری | 66 |
| تیرھویں صدی ہجری | 68 |
| شیخ الاسلام کے پیدائش کے وقت نجد کے مذہبی حالات | 69 |
| کتاب التوحید کا تعارف اور علمی مرتبہ | 70 |
| کتاب التوحید کی شروحات | 74 |
| فتح المجید کا علمی مقام | 77 |
| حیات امام الدعوۃ | 79 |
| چودھویں صدی ہجری | 103 |
| سید احسان اللہ شاہ راشدی | 106 |
| مولانا ثناء اللہ امرتسری | 107 |
| نواب صدیق حسن صاحب | 108 |
| حافظ عبداللہ روپڑی | 110 |
| مولانا محمد جوناگڑھی | 111 |
| علامہ محمد بشیر سہسوانی | 111 |
| مولانا دین محمد وفائی | 113 |
| مولانا حاجی احمد ملاح | 113 |
| سلیمان بن سحمان النجدی | 114 |




محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

پر "کتاب التوحید" لکھ کر کفر وشرک کے ایوانان میں زلزلہ برپا کردیا جس سے شرک وبدعت کی خود ساختہ عمارتیں لرز براندم ہو کر زمین بوس ہو گئیں اور آئمہ کفر وشرک میں صف ماتم بچھ گئی۔ مذکورہ کتاب میں شیخ صاحب نے توحید کے ہر پہلو کی وضاحت کی اور شرک کے ہر ہر پہلو کی قرآن وسنت کی روشنی میں تردید کی اس طرح "کتاب التوحید" کو پذیرائی حاصل ہوئی علماء خلف نے اس کی شروحات تحریر کیں اس سلسلے میں آپ کے پوتے شیخ عبدالرحمٰن بن حسن الشیخ کی لکھی گئی شرح "فتح المجید" سب سے زیادہ مشہور واہم ہے۔ اس شرح کی افادیت کے پیش نظر مولانا عطاء اللہ ثاقب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اردو کے قالب میں ڈھالا اور سعودی بادشاہ شاہ فیصل مرحوم کے ذاتی خرچ پر لاکھوں کی تعداد میں تقسیم ہوئی اور شیخ العرب والعجم علامہ السید بدیع الدین شاہ راشدی نے ۸۴ صفحات پر مشتمل فصیح وبلیغ مقدمہ تحریر فرمایا جس میں پہلی صدی ہجری سے لیکر رواں صدی تک علماء سلف کی توحیدی کاوشوں کی مکمل داستان ہے اس مقدمہ کی افادیت وضرورت کے پیش نظر اس کو "عقیدۂ توحید اور علماء سلف کی خدمات" کے نام سے کتابی شکل میں شائع کررہے ہیں تاکہ اس پوشیدہ علمی خزانے سے ہر خاص وعام مستفید ہو کر عقائد کی درستگی کے ساتھ ساتھ راہ راست پر گامزن ہو سکے اور نبی آخر الزمان ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کے مطابق اپنی زندگی گزار سکے۔

اس سلسلے میں محترم پروفیسر عبداللہ ناصر رحمانی امیر جمعیت اہل حدیث سندھ کا انتہائی شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اس کتاب پر علمی مقدمہ تحریر فرما کر احقر کی ہمت افزائی فرمائی ساتھ ساتھ برادرم عبدالعزیز نہڑیو صاحب کا شکریہ ادا کرنا بھی ناگزیر ہے جنہوں نے بڑی جانفشانی اور احتیاط سے کتاب کی پروف ریڈنگ کی اور ساتھ ہی پیش لفظ کے طور پر علامہ السید بدیع الدین شاہ راشدی کی توحید کے لئے کی گئی جدوجہد پر ایک علمی مقالہ لکھ کر کتاب میں اشاعت کیلئے عنایت فرمایا۔ علاوہ ازیں میں جماعت کے نامور اسکالر اور اسلامی نظریاتی کونسل کے



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقدیم

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ وبعد!

زیر مطالعہ مختصر مگر انتہائی پر مغز اور جامع رسالہ استاذ العلماء، محدث دیار سندھ علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمہ اللہ کے آثار علمیہ میں سے ہے۔ جو محترم شاہ صاحب مرحوم نے "کتاب التوحید" کی شرح فتح المجید کے ترجمہ بنام "ھدایۃ المستفید" پر بطور مقدمہ تحریر کیا تھا...... اس کتاب اور اس کے مقدمے کا موضوع نفیس توحید باری تعالیٰ ہے۔ یہ سب سے اہم اور مقدس موضوع ہے۔ کیونکہ توحید اصل دین ہے۔ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی معروف حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے دین اسلام کے بڑے اہم قواعد بیان فرمائے اس میں ایک موقع پر رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے پوچھا:

((ھل ادلك علی رأس ھذ الأمر ......؟))

"کیا تمھیں اس دین کے سر کی راہنمائی کروں؟"

پھر فرمایا:

((رأس ھذ الأمر الاسلام))

"اس دین کا سر اسلام ہے۔"

جبکہ اس حدیث میں ایک روایت ان الفاظ سے بھی وارد ہوئی ہے۔

((رأس ھذ الأمر شھادۃ ان لا الہ الا اللہ))

"اس امر کا سر (لا الہ الا اللہ) کی گواہی ہے۔"

یہاں دو باتیں بڑی صراحت سے سامنے آرہی ہیں:



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) اسلام اور (لا الٰہ الا اللہ) کی گواہی ایک ہی چیز ہیں۔

(۲) لا الٰہ الا اللہ کی گواہی کو محمد رسول اللہ ﷺ نے راسِ دین یعنی دین کا سرِیا اصل دین قرار دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام انبیاء کرام نے اپنی دعوت کا آغاز عقیدۂ توحید سے کیا۔

﴿ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ﴾ (النحل ۱۶/ ۳۶)

﴿ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾ ﴾ (الأنبیاء ۲۱/ ۲۵)

چنانچہ ہر نبی کی دعوت کا نقطہ آغاز عقیدہ توحید ہے جب لوگوں نے توحید کی دعوت کو مانا تو بات مسائل واحکام تک چلی اول دلیل صحیح بخاری کی وہ حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبل کو یمن میں بطور معلم وداعی کے بھیجتے ہوئے دعوت کی ترتیب ومراحل سے آگاہ فرمایا۔

اور اگر لوگوں نے توحید کی دعوت قبول نہیں کی تو پوری زندگی بات اس نقطہ توحید میں موقوف ومرکوز رہی۔ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق روز قیامت، میدان محشر میں کچھ انبیاء بالکل تنہا کھڑے ہوں گے۔

توحید کی صحت درحقیقت عمل کی قبولیت کی بنیاد ہے بشرطیکہ عمل سنت کے مطابق ہو۔ جبکہ عمل یا عقیدے پر شرک کا تلوث، خواہ وہ سوئی کی نوک کے برابر کیوں نہ ہو، ہر نیکی کو برباد کر دیتا ہے۔ ریاکاری سب سے چھوٹا شرک ہے اور وہ اعمال کو تباہ کر دیتا ہے۔ صحیح بخاری کی حدیث سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ریاکار قاریٔ قرآن، ریاکار سخی، اور ریاکار شہید، عمل کی عظمت کے باوجود محض ریاء کاری کی وجہ سے سب سے پہلے جہنم کا لقمہ بن کر اسی کی آگ کو بھڑکائیں گے "اعاذنا اللہ من فتنۃ الریاء"





محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

جب سب سے چھوٹے شرک کی تباہ کاری و بربادی کا یہ عالم ہے تو باقی شرک تو اس سے بڑے ہیں ان کی موجودگی کتنی خطرناک ہوگی۔

((من يشرك بالله فقد حرّم الله عليه الجنة ......))

"جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت کو حرام کر دیا ہے۔"

شیخ محمد بن عبدالوہاب صاحب کی کتاب الموسوم بہ (کتاب التوحید) اصلاح عقیدہ کے تعلق سے روشنی کا ایک مینار ہے انہوں نے اس کتاب میں توحید خالص کو خوب نکھار کر قرآن وحدیث کے دلائل سے مزیّن کر کے پیش کر دیا ہے جب کہ "فتح المجید" کے نام سے اس کی شرح نے اس کتاب کے محاسن کو مزید اجاگر کیا، اس کتاب کے اردو ترجمہ (هداية المستفيد) از مولانا عطاء اللہ ثاقب صاحب پر محترم شاہ صاحب مرحوم نے یہ علمی مقدمہ تحریر فرمایا۔

اس عظیم مقدمے کو تین حصوں پر تقسیم کیا جاسکتا ہے، چنانچہ شروع میں شاہ صاحب نے عقیدۂ توحید کی اہمیت، ضرورت اور فضیلت کے تعلق سے نفیس نکات تحریر فرمائے ہیں۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ شاہ صاحب نے مدلل گفتگو فرمائی ہے۔ کیونکہ کتاب وسنت سے استدلال تو ہمارے شیخ محترم کا طرۂ امتیاز ہے، رحمه الله رحمة واسعة .

اس مقدمہ کا دوسرا حصہ بڑا اہم اور منفرد و ممتاز ہے۔ اس میں شیخ محترم نے ہر دور یا ہر صدی پر علماء و محدثین کی توحید کے تعلق سے قلمی و علمی کاوشوں کی ایک تفصیلی فہرست فراہم فرمائی ہے۔ یہ شاہ صاحب مرحوم کی غزارت علمی کا ٹھوس ثبوت ہے۔

اس تفصیلی فہرست سے ایمان تازہ ہوتا ہے اور یہ بات واضح ہوتی ہے کہ سلف صالحین نے کس قدر توحید کا اہتمام فرمایا ہے اور واقعۃً عقیدۂ توحید مہتم بالشان ہے، کیونکہ یہ اصل دین ہے، سارا دین توحید کی اساس پر ہے، تخلیق کائنات کا مقصد توحید



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

ہے، نظام کائنات توحید کی وجہ سے چل رہا ہے، اخروی کامیابیوں، کامرانیوں اور سعادتوں کی بنیاد توحید ہے۔ جب کہ اخروی ناکامیوں، نامرادیوں، شقاوتوں، نحوستوں اور ہلاکتوں کی وجہ عقیدۂ توحید میں خلل، اضطراب یا انکار ہے۔

دین اسلام کے ہر عمل کی روح رواں توحید ہے۔ قرآن مجید کی ہر آیت توحید ہی سے مربوط و منسلک ہے۔ اللہ تعالیٰ اس عقیدے کا سچا صحیح فہم عطا فرمائے۔ اس مقدمہ کا تیسرا حصہ مؤلف کتاب التوحید، مجدد ملت، عظیم مجاہد شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ واسکنہ فسیح جنانہ کی حیات طیبہ پر مشتمل ہے۔

اس مقدمہ کی افادیت کا تقاضہ یہی تھا کہ اسے الگ مستقل کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے، تاکہ اس کی اشاعت مزید وسیع ہو کر مزید لوگوں کی ہدایت، و اضافہ علم کا باعث بنے۔ یہ خدمت ہمارے بھائی مولانا عبد الرحمٰن میمن صاحب نے انجام دی ہے۔

مولانا عبد الرحمٰن میمن صاحب محنت، لگن اور شوق کے ساتھ شاہ صاحب کے مرحوم کے آثار علمیہ کی اشاعت پر منہمک ہیں ان کی یہ گراں قدر کوششیں گا ہے بگاہے عظیم سرمایہ لوگوں تک پہنچا رہی ہے، فجزاہ اللہ عنا وعن المسلمین خیر الجزاء۔

اللہ تعالیٰ کتاب التوحید کے مؤلف، شارح، مترجم، اور مقدمہ کے مؤلف وناشر کو اجر جزیل عطا فرمائے اور کتاب سے کثیر خلق کو نفع پہنچائے اسی طرح اسی مقدمے کی افادیت سے کماحقہ متمتع ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان کتب کی تالیف سے اصل ہدف و مقصد افادہ خلق ہے اس کے ذریعے کسی ایک بندے کو صحیح عقیدے کی معرفت مل جائے تو ہمارا مقصود حقیقی حاصل ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ اس گمراہیوں کی دلدل سسکتی اور بھٹکتی دنیا کو توحید کے اجالے سے منور فرمادے، جو ایٹم بم تک تو رسائی حاصل کر چکی ہے۔ مگر اپنے پروردگار کی معرفت سے ہنوز محروم ہے۔ رب ذوالجلال کی قسم یہ ایٹمی شان و شوکت عقیدۂ توحید کے بغیر راکھ کا ڈھیر ہے، اپنے رب کی توحید





محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سخنے چند

دین و شریعت کا نقطہ آغاز ''توحید'' ہے۔ تمام اسرار دین اور رموز شریعت اسی ایک تصور کی تشریح و تفسیر ہیں۔ یہی باعث ہے کہ عقیدۂ توحید کے ابلاغ، دعوت اور اشاعت کے لیے حق تعالیٰ جل شانہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء و رسل جیسی قدسی صفات شخصیات کو اس اہم ترین ذمہ داری پر مامور کیا۔ ایک بندۂ مسلم کے اعمال خیر کا اثاثہ صرف اسی صورت میں معتبر اور لائق جزا ہے جب کہ ان میں توحید کی حقیقی روح اور اخلاص موجود ہو۔ اس موضوع کی اہمیت کے پیش نظر مفسرین، محدثین اور علمائے سلف نے اس تصور توحید کی اہمیت، وضاحت اور دعوت کے لیے زبردست علمی اور قلمی جہاد کیا ہے۔

اس موضوع پر گزشتہ چودہ صدیوں میں سینکڑوں علمی اور تحقیقی کتابیں منصۂ شہود پر آئی ہیں مگر ان میں جو مقبولیت اللہ تعالیٰ نے بارھویں صدی ہجری کے امام الدعوۃ محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ کی ''کتاب التوحید'' کو عطا کی وہ اس سلسلۃ الذہب میں انفرادیت کی حامل ہے۔ اس کتاب کی ایک جامع شرح ان کے نامور پوتے شیخ عبدالرحمٰن بن حسن نے ''فتح المجید'' کے عنوان سے کی جس کا پہلا اردو ترجمہ مولانا عطاء اللہ ثاقب نے کیا جس پر ایک مبسوط مقدمہ السید بدیع الدین شاہ راشدی نے تحریر کیا ہے۔

پیش نظر کتاب ''عقیدۂ توحید اور علماء سلف کی خدمات'' فتح المجید کے مشہور و معروف مقدمہ کی الگ سے ایک اختصاصی اشاعت ہے۔ اس مقدمہ یا کتاب کے فاضل مؤلف برصغیر کے ممتاز علمی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس راشدی خاندان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ انہوں نے سندھ کی سرزمین میں جہاں انوار توحید کی



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شعا ئیں سب سے پہلے برصغیر میں داخل ہوئیں، مسئلہ توحید کے ادراک اور دعوت کا مؤثر اور مستقل اسلوب اختیار کیا۔ اس کتاب کے فاضل مصنف عربی، اردو اور سندھی زبانوں میں ۱۶۰ کتب کے مصنف ہیں۔ مگر اس ارمغانِ علمی میں گل سرسبد کی حیثیت مسئلہ توحید کو حاصل ہے۔ یہ بات بلا خوف و تردید کہی جا سکتی ہے، کہ حق تعالیٰ نے اثبات توحید کے ضمن میں جن صلاحیتوں سے آپ کو نوازا تھا آپ نے پوری زندگی مقدور بھر ان کا بھرپور استعمال کیا۔ اسی باعث یہ کتاب شائقین توحید کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

اس کتاب کے شروع میں عقیدۂ توحید کی اہمیت و فضیلت واضح کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں گذشتہ چودہ صدیوں میں ان تمام علمی کاوشوں اور دعوتی خدمات کا صدی وار احاطہ کیا گیا ہے جس سے یہ کتاب مسئلہ توحید کے خدمت گزاروں کی ایک مستقل تاریخ کا درجہ اختیار کر گئی ہے۔ اس تصنیف کے آخر میں امام الدعوۃ محمد بن عبدالوہاب کی دعوتی سرگرمیوں اور علمی خدمات کا بھرپور تعارف کرایا گیا ہے۔

کتاب التوحید کی علمی فضیلت اور اس کی شرح "فتح المجید" کی دعوتی عظمت کی تفصیلات کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ انتہائے آخر میں چودھویں صدی ہجری تک مسئلہ توحید کی خدمات کے سلسلے میں ایک مبسوط تذکرہ پیش کیا گیا ہے۔

"عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات" میں دین اسلام کے اساس اور کلیدی تصور کی تاریخ کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس کوشش کا دینی اور دعوتی حلقوں میں ایک بصارت افروز اور بصیرت آموز پیغام کی حیثیت سے استقبال کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے مرتب عبدالرحمن میمن کی اس مساعی جمیلہ کو مقبول و مشکور فرمائے آمین۔

۲۷- اپریل ۲۰۰۰ء

پروفیسر عبدالجبار شاکر
ڈائریکٹر پبلک لائبریریز پنجاب،
بیت الحکمت، ملتان روڈ لاہور



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقریظ

آیة من آیات اللہ شیخ العرب والعجم

## سید بدیع الدین شاہ راشدی پیر آف جھنڈا رحمہ اللہ تعالیٰ

زیر نظر کتاب علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ کی علمی کاوشوں میں ایک ہے۔

پیر صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ نے خاندانی شرف و وجاہت کے علاوہ علم و فضل کی خوبیوں تفقہ اور استنباط کی بہترین صلاحیتوں' دعوت و تبلیغ کے ولولوں اور جذبوں' تصنیف و تالیف کے سلیقے اور نقد و تحقیق کے اعلیٰ ذوق' قوت حافظہ اور اخلاق و کردار کی رفعتوں سے نوازا تھا۔ ان خوبیوں نے انہیں مجموعہ صفات اور مجمع کمالات بنادیا تھا۔ ع

وَلَيْسَ عَلَى اللّٰهِ بِمُسْتَنْكِرٍ
أَنْ يَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِيْ وَاحِدٍ

وہ سندھ کے راشدی خاندان کے چشم و چراغ بلکہ اس کے گل سر سبد تھے جو سندھ کا ایک ممتاز خاندان ہے۔ جس کی دو شاخیں ہیں۔ ایک "پیر پگارا" اور دوسری "پیر جھنڈا" کہلاتی ہے۔ اس کی ضروری تفصیل راقم اپنے اس مضمون میں بیان کر چکا ہے جو پیر محب اللہ شاہ راشدی پر تحریر کیا تھا اور جو الاعتصام (جلد ۴۷' شمارہ ۱۴) میں چھپ چکا ہے۔

پیر صاحب نے جن اساتذہ سے کسب فیض کیا تھا' وہ تقریباً سب حنفی تھے۔ لیکن



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ نے انہیں تقلیدی جمود سے محفوظ رکھا' اس میں جہاں ان کے والدین کی تربیت اور اتباع سنت کے اس ماحول نے موثر کردار ادا کیا- جو انہیں ان کے گھر کے اندر ملا- وہاں ان کے ذوق تحقیق کا بھی اس میں بہت دخل ہے- مبدء فیض کی کرم گستری نے نقد و تحقیق کا بہت اعلیٰ ذوق انہیں ودیعت کیا- وہ ہر بات کو خوب پرکھتے' جانچتے اور اسے دلائل کی میزان میں تولتے- ذہن اخاذ تھا اور تفقہ و استنباط کی اعلیٰ صلاحیتوں سے مالا مال' مطالعے کی وسعت اور گہرائی و گیرائی اس پر مستزاد- علاوہ ازیں نقد و تحقیق کے محدثانہ اصول اور رجال حدیث پر بھی ان کی نظر وسیع اور گہری تھی- تمام ذخیرۂ حدیث اور فقہ اسلامی' کھلی کتاب کی طرح' ان کے سامنے تھی- حتیٰ کہ مجموعہ حدیث کے قلمی نسخوں پر بھی ان کی نظر تھی- اس لیے بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ پاک و ہند ہی نہیں پورے عالم اسلام میں وسعت مطالعہ و امعان نظر اور نقد و تحقیق کی بے پناہ صلاحیتوں کے اعتبار سے پیر صاحب جیسے عالم' محدث اور محقق چند ایک ہی ہوں گے- رحمۃ اللہ تعالیٰ-

اللہ تعالیٰ نے قوت حافظہ سے بھی خوب خوب نوازا تھا- اور اس اعتبار سے بھی ان کی شخصیت "آیۃ من آیات اللّٰہ" کا مصداق تھی- جن لوگوں کو ان کے مواعظ و خطبات سننے کا زیادہ اتفاق ہوا ہے' وہ اس سے انکار نہیں کر سکتے کہ پیر صاحب کا حافظہ دیکھ کر ان محدثین کا نقشہ سامنے آ جاتا تھا' جن کے حفظ و ضبط کے محیر العقول واقعات ہم کتابوں میں پڑھتے ہیں-

ان کے ذوق نقد و تحقیق کی کئی علمی یادگاریں کتابوں اور تعلیقات و حواشی کی صورت میں ہمارے پاس موجود ہیں- جن میں بعض مطبوعہ ہیں اور بعض غیر مطبوعہ- ان سے ان کی حدیث و فقہ میں مہارت کا' علل حدیث اور اسماء الرجال سے گہری واقفیت کا اور قوتِ استدلال و ملکہ استنباط و استخراج کا بھی پتہ چلتا ہے-

ان کی لائبریری بھی بہت وسیع ہے جسے عالمی شہرت حاصل ہے' اس میں حدیث و فقہ' اصول حدیث و اصول فقہ' اسماء الرجال' تفسیر اور تاریخ و سیر سے متعلقہ



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

بیشتر مطبوعہ کتابیں اور بہت سی غیر مطبوعہ کتابیں موجود ہیں- پوری دنیا سے محققین' اہل علم واہل قلم اس لائبریری سے استفادے کے لیے حاضر ہوتے ہیں-

ان کا اپنا ایک مدرسہ بھی تھا- جس میں دوسرے مدرسین کے علاوہ خود بھی تدریس کے فرائض سر انجام دیتے تھے- ان کی اپنی عظیم شخصیت کی وجہ سے بعض عرب ممالک کے طلباء بھی ان سے استفادے اور ان کے خوان علم کی ریزہ چینی کے لیے ان کے پاس آتے اور کئی کئی سال ان کے پاس مقیم رہتے- ان کے سرچشمہ علم سے فیض یاب ہوتے- آج سے ۱۵-۱۶ سال قبل حضرت پیر صاحب سندھ سے ہجرت کر کے مکۃ المکرمہ تشریف لے گئے تھے اور وہیں اقامت اختیار کر لی تھی- اس طرح کئی سال حرم مقدس میں قرآن وحدیث کا درس دیا اور وہاں ہزاروں تشنگان علم آپ سے سیر اب ہوئے' جن میں سعودی' یمنی' مصری وشامی اور افریقی ممالک وغیرہ کے طلباء و اصحاب علم شامل ہیں- اسی لیے آپ بجا طور پر شیخ العرب والعجم کے لقب جلیل سے ملقب ہوئے- غفر اللہ لہ-

حدیث وفقہ کے علاوہ قرآن کریم کے ساتھ بھی آپ کا تعلق نہایت گہرا اور والہانہ تھا- قرآن کریم کی تلاوت نہایت پر سوز آواز میں فرماتے' جو والہانہ پن کی غماز بھی ہوتی اور وجد آفرین بھی- اسی طرح قرآن کریم کے حقائق و معارف اور لطائف پر بھی آپ کی نظر تھی- قدیم وجدید تمام تفاسیر سے آپ آگاہ تھے- قرآن کے نام پر جو گمراہیاں لوگ پھیلاتے ہیں' ان سے آپ کو بہت تکلیف ہوتی تھی- چنانچہ آپ نے سندھی زبان میں قرآن کریم کی تفسیر کا بیڑا اٹھایا' تاکہ ایک صحیح سلفی تفسیر مرتب ہو اور اس میں فکری گمراہیوں کی مدلل تردید بھی ہو- اس کی آٹھ جلدیں بدیع التفاسیر کے نام سے چھپ بھی چکی ہیں- لیکن ابھی یہ نصف قرآن تک بھی نہیں پہنچی ہے- یہ معلوم نہیں کہ پیر صاحب کہاں تک لکھ چکے تھے-[1] یہ تفسیر مکمل ہو جاتی تو اپنی مثال آپ ہوتی- پیر صاحب کا خیال تھا کہ اس تفسیر کو وہ خود عربی میں منتقل کریں گے[2] اور پھر کسی سے اردو ترجمہ بھی کروائیں گے لیکن' ماشاء اللہ کان و مالم یشالم

عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

یکن- و کان امر اللّٰہ قدرا مقدورا-

پیر صاحب کی مادری زبان تو سندھی تھی' لیکن عربی زبان پر بھی پورا عبور تھا' اور اس میں انشاء کا ملکہ بھی حاصل' چنانچہ عربی میں بھی آپ نے متعدد کتابیں یا تعلیقات و حواشی تحریر فرمائے ہیں' جنھیں شائع کرنے کی شدید ضرورت ہے' اسی طرح قومی زبان اردو میں بھی آپ کو خوب دسترس تھی' یہی وجہ ہے کہ تینوں زبانوں میں آپ کی کتابیں موجود ہیں' سندھی' اردو اور عربی میں- بیک وقت کئی زبانوں پر عبور اور انشاء و بیان کی استعداد و صلاحیت بھی بہت کم اہل علم و اہل کمال کو حاصل ہوتی ہے-ذالك فضل اللّٰه يؤتيه من يشاء-

عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ اونچے درجے کے اہل علم و تحقیق' اصحاب درس و افتاء' مفسر و محدث اور مصنف و مؤلف' دعوت و تبلیغ کے محاذ پر زیادہ سرگرم ہوتے ہیں اور نہ اس کی استعداد و صلاحیت سے بہرہ ور ہی' لیکن حضرت پیر صاحب رحمہ اللہ کی ایک انفرادی شان یہ بھی تھی کہ جہاں وہ ایک عظیم محقق' بے مثال محدث' مایۂ ناز مفسر اور نامور مصنف و مؤلف تھے- وہاں وہ ایک عظیم مبلغ اور داعی کبیر بھی تھے- فرق باطلہ کے لیے وہ ایک گرز ابرز شکن اور شرک و بدعت کی تردید میں ایک سیف برہنہ اور مسلک حقہ' کے اثبات اور توحید الٰہی کی توضیح کے لیے حجت قاطع' برہان ساطع اور قندیل ربانی تھے- ایک طرف وہ بزم افتاء و تدریس کے صدر نشین تھے تو دوسری طرف تبلیغی اجتماعات اور دعوتی کانفرنسوں کی رونق اور روح رواں- ایسے عوامی اجتماعات میں بھی ان کی تقریریں جوش و ولولے کی مظہر' قرآن و حدیث کے دلائل

---

۱؎ یہ تفسیر سورۃ النحل تک یعنی تیرہ پارے مکمل ہو چکی تھی جو تقریباً بارہ جلدوں میں متوقع ہے جس میں ایک جلد مقدمۃ التفسیر جو کہ تقریباً ۴۵۰ صفحات پر مشتمل ہے اور باقی آٹھ جلدیں چھپ چکی ہیں اور باقی طباعت کے مراحل میں ہے-

۲؎ یہ کام خود شاہ صاحب نے شروع کر دیا تھا- مقدمہ التفسیر اور پہلی جلد جو کہ سورۃ الفاتحہ پر مشتمل بھی دو تہائی حصہ مکمل کر چکے تھے-



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

سے مزین اور زبان و بیان اور استدلال کی قوت سے بھرپور ہوتیں- گویا بیان اور استدلال کا بحر تلاطم خیز موجزن ہوتا جس میں فریق مخالف کے دلائل خس و خاشاک کی طرح بہہ جاتے- قرآن و حدیث کی ایسی روشنی ہوتی جس سے شرک و بدعت کی تاریکیاں دور ہو جاتیں اور حقائق و معارف کا ایک دریا ہوتا جو سامعین کو اپنے ساتھ بہا لے جاتا- ایک عوامی مقرر' شعلہ بیان خطیب اور سحر انگیز واعظ کی حیثیت سے وہ لاکھوں دلوں کی دھڑکن' ان کے محبوب راہنما اور عظیم قائد تھے- اور اپنی انہی خوبیوں کی وجہ سے شرک و بدعت کی تاریکیوں میں ایک مینارۂ نور تھے' الحاد و زندقہ کے جھگڑوں میں ایمان کی بادِ بہاری تھے اور قافلۂ حق کے سالار اور حدی خواں تھے- لاکھوں اہل توحید ان کے ایمان افروز خطاب سے اپنے دلوں کی کشت ویراں کو سیراب کرتے تھے- ہزاروں اہل شرک و بدعت کو ان کی تقریروں سے توحید و سنت کی روشنی نصیب ہوئی- اور بہت سے گم گشتگان ضلالت کو ہدایت کی صراط مستقیم اختیار کرنے کی سعادت ملی-

ان کی وفات سے بزم تحقیق ہی سونی نہیں ہوئی' تبلیغ و دعوت کی رزم گاہیں بھی اجڑ گئی ہیں- افتاء و تدریس کی مسند ہی اپنے صدر نشین سے محروم نہیں ہوئی- وعظ و خطابت کی مجلسوں کو گرمانے والا بھی چلا گیا- علمی محفلوں کو آباد کرنے والا ہی راہیِ ملک عدم نہیں ہوا- مساجد و مدارس کے اجتماعات بھی بے رونق ہو گئے' سچ ہے ؎

وَمَا کَانَ قَیس هلکه هلك واحد
ولکنه بنیان قوم تهدّما

ایسی ہمہ صفت موصوف شخصیتیں روز روز پیدا نہیں ہوتیں' ماہ و سال کی ہزاروں گردشوں کے بعد ہی پردۂ عدم سے نکل کر سامنے آتی ہیں- وہ یقیناً اس اردو شعر کا بھی صحیح مصداق تھے ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا





محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

اور اس فارسی شعر کا بھی اطلاق ان پر ہوتا ہے۔

عمر ہا در کعبہ و بت خانہ می نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

ان تمام خوبیوں اور کمالات کے ساتھ 'اخلاق و کردار کی بھی بلندیوں پر فائز تھے ان کی زبان اپنے ہم عصروں کی غیبت اور بدگوئی سے پاک تھی۔ ان کا دل حسد' بغض و عناد اور تکبر کی آلائشوں سے صاف تھا۔ مزاج و طبیعت میں سادگی اور انکساری تھی۔ اہل علم و فضل کے قدردان اور چھوٹوں پر رحم و شفقت فرمانے والے تھے۔ ہر چھوٹے بڑے سے بڑے تپاک' محبت اور سرگرمی سے ملتے۔ حق گوئی اور صاف گوئی میں کوئی رورعایت نہیں کرتے۔ زہر ہلاہل کو انہوں نے کبھی قند نہیں کہا۔ اور اس معاملے میں وہ اپنوں کی خفگی اور بیگانوں کی ناخوشی کی قطعا پروانہ کرتے۔ جماعت کی دھڑے بندی سے وہ سخت ملول اور رنجیدہ رہتے تھے۔ اسی لیے وہ کسی ایک دھڑے کے ساتھ وابستہ رہنے کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ جو بھی ان کو بلاتا وہ حاضر ہو جاتے۔ اور دھڑوں کے مفادات سے بالا ہو کر مسلک کی تبلیغ واشاعت میں حصہ لینے اور کلمۂ حق کی ادائیگی اور اس کی پشتیبانی کرتے۔

حضرت الاستاذ مولانا عطاء اللہ حنیف نور اللہ مرقدہ سے وہ خصوصی ربط و تعلق اور ارادت رکھتے تھے۔ حضرت الاستاذ کی بھی حضرت پیر صاحب کی طرح حدیث ورجال پر گہری نظر تھی اور مطالعہ بھی بڑا وسیع تھا اور کتب خانہ بھی وسیع تر۔ علاوہ ازیں مسلک سلف سے گہری وابستگی اور اس کی نشر و اشاعت کا جذبہ بھی دونوں کے درمیان قدر مشترک تھا۔ حضرت الاستاذ بھی حضرت پیر صاحب اور ان کے برادر اکبر پیر محب اللہ شاہ رحمہما اللہ تعالی۔ دونوں سے ان کے علم و فضل اور مذکورہ اقدار مشترکہ کی وجہ سے بڑی محبت رکھتے تھے۔ غفر اللہ لھم۔

حضرت پیر صاحب راقم پر بھی شفقت فرماتے تھے اور راقم کے مضامین پر حوصلہ افزائی فرماتے۔ اگست ۱۹۹۴ء کے اوائل میں' جب ان کی آنکھوں کا اپریشن ہوا



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

تھا-اور پیر صاحب اپنے کالی موری (حیدر آباد) والے مکان پر تشریف فرما تھے' راقم اپنے محبّ و مشفق جناب عبدالکبیر گزور کی معیت میں مزاج پرسی اور زیارت کے لیے پیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو "الاعتصام" سے علیحدگی پر بعض اور اہل علم کی طرح' اپنے رنج و ملال کا اظہار فرمایا- یہ راقم کی ان سے آخری ملاقات ثابت ہوئی- آہ' کیا معلوم تھا کہ یہ حضرت پیر صاحب رحمہ اللہ سے آخری ملاقات ہے-

جنوری ۱۹۹۵ء (۱۴۱۵ھ) میں سید محبّ اللہ شاہ راشدی صاحب اللواء الساوس کے انتقال پر ملال کا سانحۂ عظیمہ پیش آیا تھا اور پورے ایک سال کے بعد یعنی جنوری ۱۹۹۶ء میں ان کے برادر اصغر سید بدیع الدین شاہ پیر جھنڈا بھی راہیٔ ملک بقا ہو گئے- انا للہ و انا الیہ راجعون- ان للہ ما اخذ ولہ ما اعطی ولا نقول الاما یرضی بہ ربنا تبارك و تعالی-

ع خدا مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

بہر حال ان کی وفات سے علم و فکر کی دنیا میں اور دعوت و تبلیغ کے میدان میں جو زبردست خلا پیدا ہوا ہے' بظاہر اس کے پر ہونے کی امید نہیں- جماعت' ایک عظیم علمی سرمائے سے محروم ہو گئی ہے جس پر مدتوں ماتم کیا جاتا رہے گا- صحرائے علم کے مجنوں کا' مسلک سلف کے بے باک ترجمان اور پاسبان کا' نقد و نظر کے بادشاہ کا' حدیث و تفسیر کے امام کا' ایک مفکر و متکلم اسلام کا- پیکر تقویٰ و عمل کا' حسن اخلاق و کردار کے مرقع جمیل کا اور ایک عظیم مبلغ و داعی کبیر کا ؎

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کئے

غفر اللہ لہ وارحمہ رحمۃ واسعۃ

حافظ صلاح الدین یوسف صاحب حفظہ اللہ
مدیر: شعبہ تحقیق و تصنیف دارالسلام' لاہور



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین اما بعد،

عقیدہ توحید پر امام الدعوۃ شیخ محمد بن عبد الوہاب نجدی رحمۃ اللہ علیہ کی معرکۃ الآراء تصنیف "کتاب التوحید" کی جامع شرح "فتح المجید" جو آپ کے پوتے شیخ عبد الرحمٰن بن حسن نے لکھی تھی مولانا عطاء اللہ ثاقب رئیس ادارہ "انصار السنۃ المحمدیہ لاہور" نے اس کا اردو ترجمہ بنام "ہدایۃ المستفید" کیا اور حرم شریف میں بیٹھ کر علامہ سید ابو محمد بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ کو پورا ترجمہ سنایا اور تصحیح کروائی ان کی فرمائش پر شاہ صاحب مرحوم نے اس پر ایک مفصل، مدلل اور جامع مقدمہ تحریر فرمایا۔ اسی مقدمہ کی وجہ سے "ھدایۃ المستفید" کی افادیت اور مقبولیت دوبالا ہو گئی اور خادم حرمین شریفین شاہ فیصل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی خرچہ پر یہ کتاب دو جلدوں میں چھپ کر لاکھوں کی تعداد میں مفت تقسیم ہو چکی ہے۔

یہ مقدمہ گویا کہ ایک تاریخ ہے۔ جس میں شاہ صاحب مرحوم نے پہلی صدی ہجری سے لے کر چودھویں صدی ہجری تک کے نامور علماء و محدثین کی عقیدۂ توحید کے مختلف پہلوؤں پر لکھی گئی تصنیفات کا مختصر تذکرہ اور جائزہ پیش کیا ہے، اس لئے اسکی اہمیت وافادیت کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ کے کسی ہندوستانی تلمیذ رشید نے اس مقدمہ کا عربی میں ترجمہ کیا ہے جو الجامعۃ السلفیۃ بنارس الہند کے ماہنامہ عربی رسالہ "مجلۃ الجامعۃ السلفیۃ" میں ماہ مئی ۱۹۹۲ء سے دسمبر ۱۹۹۲ء تک مسلسل آٹھ قسطوں میں "اھمیۃ التوحید فی الاسلام" کے عنوان سے چھپ چکا ہے۔

ہمارے مخلص دوست محترم مولانا عبدالرحمٰن میمن صاحب نے مکتبہ الدعوۃ



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

السلفیۃ مٹیاری کی طرف سے اپنی بساط کے مطابق ہمارے مربی و محبوب رہنما علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات کی اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے ہدایۃ المستفید کے مقدمہ کو الگ کتابی صورت میں "عقیدۂ توحید اور علماء سلف کی خدمات" کے عنوان سے اشاعت اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کا حامی وناصر ہو۔ آمین۔

دعوت توحید کے سلسلے میں شاہ صاحب کی تحریری کاوشوں کا مختصر تذکرہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

مرحوم شاہ صاحب نے عربی، اردو، سندھی میں ۱۶۰ کے قریب کتابیں تصنیف فرمائی ہیں' جن میں آپ کی شاہکار سندھی تصنیف قرآن کریم کی تفسیر "بدیع التفاسیر" ہے۔ آپ کی سب سے بڑی تمنا اس تفسیر کی تکمیل تھی لیکن زندگی نے وفا نہ کی اور آپ تیرہ پاروں کی تفسیر مکمل کر سکے تھے۔ سندھی کے ساتھ آپ نے عرب دوستوں اور شاگردوں کے اصرار پر اسکا عربی ترجمہ کیا تھا اور ۴۳۳ صفحات پر مشتمل "مقدمہ التفسیر" کا عربی ترجمہ مکمل کر لیا تھا اور تفسیر کی جلد اول "احسن الخطاب فی تفسیر ام الکتاب" کے دو تہائی حصہ کا ترجمہ کر سکے تھے اردوداں طبقہ کے شدید اصرار پر تفسیر کا اردو ترجمہ بھی شروع ہو چکا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کوئی ایسا مرد مجاہد پیدا کرے جو بقیہ تفسیر کو اسی نہج اور طرز پر مکمل کرے اور عربی و اردو ترجمہ بھی پایہ تکمیل کو پہنچے آمین۔ وماذالك على الله بعزيز۔

(۱) بدیع التفاسیر

یہ تفسیر عقیدہ توحید کے ہر پہلو اور ہر گوشہ پر مفصل مواد اور تحقیق کا بیش بہا خزانہ ہے۔

(۲) علاوہ ازیں آپ نے قرآن مجید کی ایک اور عربی تفسیر بنام "تفسیر القرآن الکریم المسمی بالاستنباط العجیب فی اثبات التوحید من جمیع آیات الکتاب النجیب" شروع کی تھی جو ابتداء سے سورۃ اعراف کے رکوع ۲۲ کی آیت



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

المؤمنون۔ لعلهم يرشدون۔ وسميته "بالإستنباط العجيب فى اثبات التوحيد من جميع آيات الكتاب النجيب"، واللّٰه تعالى أسأل ان ينفع به الاولاد والإخوان والاحباب والاخلان وان يجعله خالصاً لوجه الكريم انه تعالى جواد برؤف الرحيم۔

نیز تفسیر کا قطعہ ملاحظہ ہو:

" بسم اللّٰه الذى له الأسماء الحسنىٰ الرحمٰن الرحيم ومن رحمه أنه علمنا التوحيد لقوله تعالى ولو لا فضل اللّٰه عليكم ورحمته ما زكى منكم من أحد آلم انا اللّٰه اعلم كما مر اللّٰه لا اله الا هو الحى القيوم قيوم الخلائق وهو الذى نزل عليك ايها الرسول الداعى عباد اللّٰه الى توحيده الكتاب الذى احكمت آياته ثم فصلت من لدن حكيم خبير الاتعبدوا الا اللّٰه با لحق لا يأتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه فلا يقاس عليه كلام المخلوق لقوله تعالى قل هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون اومعناه مع الأحكام الحقة واعلاها التوحيد لقوله تعالى ذلك بأن اللّٰه هو الحق وان ما يدعون من دونه هو الباطل وقوله له دعوة الحق والذين يدعون من دونه لايستجيبونه بشئى الا كباسط كفيه الى الماء ليبلغ فاه وماهو ببالغه ومادعاء الكافرين الا فى ضلال حال كون ذلك مصدقاً لما بين يديه من الكتب السابقة وأنزل التوراة والانجيل وهما من الكتب السابقة نزلا لتعليم الناس وتوحيد ربهم لقوله تعالى من قبل هدى للناس يهديانهم طريق التوحيد لقوله تعالى ومن اضل ممن يدعو من دون اللّٰه وانزل الفرقان الفارق بين التوحيد والشرك كما مر إن الذين كفرو بآيات اللّٰه الدالة على وحدانيته لهم عذاب شديد واللّٰه عزيز ذوانتقام فينتقم ممن اشرك معه لقوله تعالى انا من المجرمين منتقمون مع قوله تعالى انا كذالك نفعل بالمجرمين انهم كانوا اذا قيل لهم لا اله الا اللّٰه يستكبرون وهؤلآء اهل الشرك يظنون اللّٰه لا يطلع على احوالهم ولكن ان اللّٰه لا يخفى عليه شيء فى الارض ولا فى

عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

السماء۔

(۳) کتاب التوحید (عربی)
عقیدہ توحید اور اس کے مسائل پر یہ مختصر کتاب ہے۔

(٤) آپ نے امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ کی "کتاب التوحید صغیر" کی تخریج وشرح لکھی ہے۔

(٥) **شهادة الاحناف في مسئلة علم الغيب على سبيل الانصاف** (عربی)
اس میں آپ نے علماء احناف کی عبارات سے ثابت کیا ہے کہ علم غیب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کیلئے ہے۔ نبی ﷺ کو علم غیب نہیں تھا اور ایسا عقیدہ رکھنا شرک ہے۔

(٦) **وصول الالهام لاصول الاسلام** (عربی)
اسلام کے بنیادی اصولوں پر لکھی گئی یہ کتاب غیر منقوط ہے جو عربی زبان و ادب پر آپ کے عبور اور مہارت تامہ کی بیّن دلیل ہے۔

مصر کے مشہور محقق عالم ڈاکٹر محمود محمد عبداللہ مصری نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے "**اللغة العربية في باكستان**" کے عنوان سے پی، ایچ، ڈی، کیلئے مقالہ تحریر کیا ہے، جسے وفاقی وزارت تعلیم اسلام آباد نے شائع کیا ہے اس کے ص ۴۳٦ پر لکھتے ہیں:

وصول الالهام لاصول الاسلام الفه ابو محمد بديع الدين شاه هذا الكتاب على طريقة سواطع الالهام للفيضي الاانه يختلف عنه من حيث المضمون والمادة فسواطع الالهام كما ذكرنا عبارة عن تفسير القرآن الكريم اما وصول الالهام فهو يتعلق بالعقيدة كما يظهر من عنوان الكتاب وصول الالهام لاصول الاسلام ولذالك نرى انه بدأ الكتاب باساس الاسلام واصول الخمسة ثم اوردعدة اصول واحكام تتعلق بالدين الاسلامي الحنيف قد حث الرسول ﷺ على اتباعها والعمل بها



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ونريد ان نوجه عناية القارى الكريم ان المؤلف استخدم الحروف المهملة فی تالیف هذا الكتاب (الصنعة المهملة) بدأه بمقدمة صدرها بقصيدة شعريةمن نفس الصغة وسوف نقتطف بعض النماذج من هذا العمل حتى يقف القارى على ما وصلت اليه العقلية الهندية الباكستانية التي شغفت بكل نادر وفريد۔

نمونہ ملاحظہ ہو:

"اسم اللّٰہ العلام اول كل مرام و کلام محامد المحمود لاحد لها ولا عد و محاكم كلامه لاردلها ولا سد هو الواحد الاوحد الأحد الملك السلام الحكم العدل الصمد مالك الملك له الطول والحول وحارس الحرس له الدول والأول امسك السماء وركد الرمكاء ، وامطر المسل ورعرع الدوح والحمل وكور الساطع والسواد ودور اللوامع ووطد الأوطاد وصور الأسود والأحمر والأدلس والاسحم والأسمر والهم ام الكلام وعلم اصول الاسلام"

ڈاکٹر محمود مصری وصول الالہام کی عبارت لکھنے کے بعد فرماتے ہیں:

" ونكتفى بعرض النماذج من الكتاب الذى لايجد فيه القارى سوى اعمال الصنعة الأدبية والمهارة اللغوية حيث استعمل المؤلف الحروف المهملة وحافظ على ذلك النسق الى نهاية الكتاب بمهارة واعجاب"

(۷) توحید ربانی یعنی سچی مسلمانی (سندھی)

یہ کتاب سندھی زبان میں مسئلہ توحید پر چار حصوں اٹھارہ ابواب پر مشتمل ہے۔

(۸) توحید خالص (اردو)

عقیدہ توحید پر ۶۲۴ صفحات پر مشتمل آپ کی مایہ ناز تصنیف ہے جو آپ نے محمد یاسین قمر ملتان والے کے دو سوالوں کے جواب میں لکھی ہے۔ اس لئے





محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں ۴۴ ے قرآنی آیات سے ۲۸ طریقوں سے اور ۱۵۰ احادیث سے ۲۰ طریقوں سے استدلال کر کے ثابت کیا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی عرش پر مستوی ہے اور بائن عن الخلق ہے اس کے ساتھ وحدۃ الوجود کے قائلین کے دلائل کا بھی تفصیل کے ساتھ رد کیا ہے۔

دوسرے حصے میں دعا کا صحیح تصور' اسکا صحیح طریقہ غیر اللہ کو پکارنے کی سخت ممانعت اور مروجہ وسیلہ کی تردید بڑی تفصیل کے ساتھ کی گئی ہے۔

(۹) قادیانی و جھنڈائی خاندان "بینھما برزخ لایبغیان " (سندھی)

قادیانیوں نے "فیصلہ آسمانی" کے نام سے ایک پمفلٹ لکھ کر سندھ میں یہ بات پھیلائی تھی کہ علامہ سید رشید الدین شاہ راشدی (شاہ صاحب کے پردادا) کو کشف والہام کے ذریعے مرزا غلام احمد کی سچائی کا علم ہوا تھا ان ہی ایام میں اس بہتان وافتراء کی تردید میں شاہ صاحب کے والد علامہ سید احسان اللہ شاہ راشدی نے مولانا دین محمد وفائی کے رسالہ ماہنامہ "توحید" کے شمارہ ماہ جنوری ۱۹۳۵ء میں مضمون لکھا تھا اسکے بعد علامہ سید محب اللہ شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ نے رسالہ "القواطع الرحمانیۃ لافتراء الفرقۃ القادیانیۃ" لکھ کر شائع کرایا، نیز شاہ صاحب نے بھی اس مسئلہ پر قلم اٹھایا اس رسالہ میں تفصیل کے ساتھ مرزائیوں کے اس افتراء کا پردہ چاک کر دیا۔

الغرض آپ نے سرزمین سندھ سے شرک وبدعت اور پیری مریدی وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑنے کے سلسلہ میں زبان وقلم سے جہاد کر کے توحید کا علم بلند کیا، برصغیر کے علاوہ عرب ممالک اور یورپ وامریکا تک آپ کے ہزاروں شاگرد اس سلسلہ کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔

ماضی قریب میں آپ کی ہم عصر جو نامور ہستیاں ہم سے جدا ہو چکی ہیں ان میں عظیم محدث وداعی شیخ عبدالعزیز عبداللہ بن باز، محدث العصر شیخ محمد ناصر الدین



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

الالبانی، رئیس المحققین علامہ سید محب اللہ شاہ راشدی، علامہ شیخ تقی الدین ہلالی، مولانا عبید اللہ رحمانی مبارکپوری، مولانا حافظ محمد گوندلوی، مولانا محمد عطاء اللہ حنیف، مولانا سلطان محمود محدث جلالپوری، علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید، شیخ عبد القادر بن حبیب اللہ سندھی، شیخ عمر فلاتہ، مولانا حافظ محمد عمر جونیجو ڈیپلائی، مترجم مشکوٰۃ قابل ذکر ہیں۔

ہر ایک شخصیت علم و عمل، تحریر و تقریر اور دعوت توحید کی اشاعت و ترویج کے میدان میں شہسوار کا درجہ رکھتی ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ ان کی خدمات قبول فرمائے ان کے درجات بلند کرے، اور اس قحط الرجال کے دور میں ان کے سچے خلف پیدا کرے تاکہ یہ سلسلہ ہمیشہ قائم و دائم رہے آمین۔

والسلام

عبدالعزیز نہڑیو

(کاتب ' سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ)

انچارج' مکتبہ راشدیہ' آزاد پیر' جھنڈو نیو سعید آباد' سندھ



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

باب: تفسیر القدر
باب: تفسیر الاعتزال وصفۃ المعتزلۃ
باب: تفسیر الجہم
باب: تفسیر المعرفۃ
باب: اصل التوکل
باب: تفسیر العمل وصفۃ العاملین
باب: اصل المعصیۃ
باب: تفسیر النفاق
باب: تفسیر التقوی
باب: تفسیر الہواء
باب: تفسیر الارجاء
باب: تفسیر الرفض وصفۃ الروافض
باب: تفسیر الزندقۃ
باب: اصل التوکل
باب: اصل الشک
باب: تفسیر الذکر
باب: تفسیر الکفر
باب: اصل الفسق
باب: تفسیر الریاء

امام ابو بکر بن ابی داؤد عبد اللہ بن سلیمان السجستانی المتوفی ۳۱۶ھ کی "کتاب البعث "معروف ہے۔ عقیدہ کے بارے میں ان کا ایک قصیدہ بھی اہل علم کے ہاں متداول ہے۔

امام ابوالحسن علی بن اسماعیل بن ابی بشر الاشعری المتوفی ۳۲۴ھ نے کئی کتابیں تصنیف فرمائیں۔ منجملہ ان کی کتاب " الابانۃ فی اصول الدیانۃ " اور " مقالات الاسلامیین فی اختلاف المصلین "مشہور ہیں۔

امام ابو الحسن علی بن مہدی الکسروی الاصفہانی المتوفی ۳۳۰ھ نے "تاویل الاحادیث المشکلات الواردۃ فی الصفات "تصنیف کی۔

امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب الطبرانی المتوفی ۳۶۰ھ نے "کتاب السنۃ "تصنیف کی۔

امام ابوالشیخ ابو محمد بن حیان عبد اللہ بن محمد بن جعفر الاصبہانی المتوفی ۳۶۹ھ نے "کتاب العظمۃ" و "کتاب السنۃ" وغیرہ لکھیں۔

عقیدۂ توحید اور علمائے سلف کی خدمات



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

شیخ علاء الدین علی بن اسماعیل بن یوسف القونوی التوفی ۷۲۹ھ نے اہل الحاد کے رد میں ایک کتاب تصنیف فرمائی ان کے علاوہ اسی صدی میں اور بھی کئی مصنف گزرے ہیں۔

## نویں صدی ہجری

حافظ ابن حجر شہاب الدین ابو الفضل احمد بن علی العسقلانی التوفی ۸۵۲ھ کی تصانیف اس صدی کی یادگار ہیں۔ آپ نے ایک "کتاب الشمس المنیرۃ لمعرفۃ الکبیرۃ" لکھی نیز "تبیین العجب فی ماورد فی فضل الرجب" میں امام موصوف نے ماہ رجب کی بدعتوں پر کاری ضرب لگائی ہے۔

شیخ ابن الھائم ابو العباس احمد بن محمد بن عماد بن علی القراضی المصری ثم الدمشقی التوفی ۸۱۵ھ نے "کتاب العقد النضید فی تحقیق کلمۃ التوحید" لکھی۔

شیخ سید الھادی بن ابراہیم بن علی الوزیر التوفی ۸۲۲ھ نے "کنایہ القانع فی معرفۃ الصانع اور "السیوف المرھفات علی من الحد فی الصفات" وغیرہ لکھیں۔

شیخ سید ابن الوزیر محمد بن ابراہیم بن علی المرتضی الیمانی التوفی ۸۴۰ھ نے

(۱) ایثار الحق علی الخلق

(۲) ترجیح اسالیب القرآن علی قوانین المبتدعۃ والیونان

(۳) البرہان القاطع فی اثبات الصانع وغیرہ کتابیں لکھیں۔

شیخ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن عثمان بن نعیم البساطی التوفی ۸۴۲ھ نے کتاب "المقدمہ فی اصول الدین" لکھی۔

امام تقی الدین احمد بن علی المقریزی التوفی ۸۵۴ھ نے کتاب "تجرید التوحید المفید" تصنیف کی۔

شیخ منصور بن الحسین بن الکازرونی التوفی ۹۰۰ھ نے "کتاب حجۃ السفرۃ البررہ المبتدعۃ الفجرۃ لکھی۔





محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com

پیش نظر کتاب "عقیدۂ توحید اور علماء سلف کی خدمات" فتح المجید کے مشہور و معروف مقدمہ کی الگ سے ایک اختصاصی اشاعت ہے۔ اس مقدمہ یا کتاب کے فاضل مؤلف برصغیر کے ممتاز علمی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس راشدی خاندان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ انہوں نے سندھ کی سرزمین میں جہاں انوار توحید کی شعاعیں سب سے پہلے برصغیر میں داخل ہوئیں، مسئلہ توحید کے ادراک اور دعوت کا مؤثر اور مستقل اسلوب اختیار کیا۔

یہ کتاب شائقین توحید کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اس کتاب کے شروع میں عقیدۂ توحید کی اہمیت و فضیلت واضح کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں گذشتہ چودہ صدیوں میں ان تمام علمی کاوشوں اور دعوتی خدمات کا صدی وار احاطہ کیا گیا ہے جس سے یہ کتاب مسئلہ توحید کے خدمت گزاروں کی ایک مستقل تاریخ کا درجہ اختیار کر گئی ہے۔ اس تصنیف کے آخر میں امام الدعوہ محمد بن عبدالوہاب کی دعوتی سرگرمیوں اور علمی خدمات کا بھرپور تعارف کرایا گیا ہے۔ کتاب التوحید کی علمی فضیلت اور اس کی شرح فتح المجید کی دعوتی عظمت کی تفصیلات کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ انتہائے آخر میں چودھویں صدی ہجری تک مسئلہ توحید کی خدمات کے سلسلے میں ایک مبسوط تذکرہ پیش کیا گیا ہے۔

مکتبۃ الدعوۃ السلفیۃ
میمن کالونی مٹیاری ضلع حیدرآباد سندھ

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ